# وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ماریشش کے وزیر اعظم نے ماریشش کے اگالیگا جزیرے پر مشترکہ طور پر نئی ہوائی پٹی اور ایک جیٹی کا کیا افتتاح

29 فروری، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ماریشش کے وزیر اعظم عزت مآب جناب پراوِند جگناتھ نےآج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ماریشش کے اگالیگا جزیرے میں کمیونٹی ڈولپمنٹ کے چھ منصوبوں کے ساتھ نئی ہوائی پٹی اور سینٹ جیمز جیٹی کا مشترکہ طور پر افتتاح کیا۔ ان منصوبوں کا افتتاح ہندوستان اور ماریشش کے درمیان مضبوط اور دہائیوں پرانی ترقیاتی شراکت داری کا منہ بولتا ثبوت ہے اور اس سے سرزمین ماریشش اور اگالیگا کے درمیان بہتر رابطے کی مانگ کو پورا کیا جائے گا، سمندری سلامتی کو تقویت ملے گی اور سماجی و اقتصادی ترقی کا فروغ ہوگا۔ ان منصوبوں کا افتتاح اہم ہے کیونکہ یہ مورخہ 12 فروری 2024 کو دونوں رہنماؤں کے ذریعہ ماریشش میں UPI اور RuPay کارڈ خدمات کے حالیہ آغاز کے بعد عمل میں آیا ہے۔

ماریشش کے وزیر اعظم عزت مآب جناب پراوِند جگناتھ نے کہا کہ ہندوستان اور ماریشش آج نئی ہوائی پٹی اور سینٹ جیمز جیٹی کے مشترکہ افتتاح کے ساتھ ساتھ ماریشش کے اگالیگا جزیرے میں چھ کمیونٹی ڈولپمنٹ منصوبوں کے افتتاح کے ساتھ تاریخ رقم کر رہے ہیں۔ اس تقریب کو دونوں ممالک کے درمیان مثالی شراکت داری کی علامت قرار دیتے ہوئے، وزیر اعظم جگناتھ نے ماریشش-ہندوستان تعلقات کو ایک نئی جہت دینے کے لیے وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا اور آج موجود ہونے کے لیے اظہار تشکر بھی کیا۔ پی ایم جگناتھ نے اس منصوبے کی مکمل مالی اعانت میں ہندوستان کے تعاون کے تعاون کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ "اگلیگا میں نئی ہوائی پٹی اور جیٹی کی سہولت کا قیام ماریشش کے ایک اور خواب کی تکمیل ہے"۔ انہوں نے حکومت اور ماریشش کے لوگوں کی جانب سے وزیر اعظم مودی کا ہندوستان میں عہدہ سنبھالنے کے بعد سے اس جزیرے کی قوم پر خصوصی توجہ دینے کے لیے تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پوری دنیا میں وزیر اعظم مودی کی مضبوط قیادت اور مدبرانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور اس پر زور دیا کہ ہندوستانی باشندوں نے خود کو اقدار، علم اور کامیابی کے عالمی پاور ہاؤس کے طور پر قائم کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ماریشش 'جن اوشدھی اسکیم' کو اپنانے والا پہلا ملک بن گیا ہے جو ہندوستان کے فارماسیوٹیکل اور میڈیکل ڈیوائسز بیورو سے تقریباً 250 اعلیٰ معیار کی دوائیاں حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے، اس طرح ماریشش کے لوگوں کو بڑے پیمانے پر فائدہ پہنچے گا اور دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کے لیے مزید رفتار فراہم کرے گا۔ وزیر اعظم جگناتھ نے اپنے خطاب کا اختتام وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ماریشش کو اس طرح کے بڑے تبدیلی والے منصوبوں کو پورا کرنے میں مدد ملے گی جو ترقی کے مقاصد کو پورا کرنے کے ساتھ ساتھ سمندری نگرانی اور سلامتی میں صلاحیتوں اور مہارتوں میں نمایاں اضافہ کریں گے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ماریشش کے وزیر اعظم عزت مآب کے ساتھ یہ ان کی پانچویں ملاقات ہے۔ مسٹر پراوند جگناتھ نے پچھلے 6 مہینے میں جو ہندوستان اور ماریشش کے درمیان ایک متحرک، مضبوط اور منفرد شراکت داری کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماریشش ہندوستان کی پالیسی "پڑوسی پہلے " کا کلیدی پارٹنر ہے اور ویژن ساگر کے تحت ایک خصوصی شراکت دار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ "گلوبل ساؤتھ کے اراکین کے طور پر، ہماری ترجیحات مشترکہ ہیں اور گزشتہ 10 سالوں میں دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں بے مثال رفتار دیکھی گئی ہے اور باہمی تعاون کی نئی بلندیاں حاصل ہوئی ہیں"۔ پرانی زبان اور ثقافتی رشتوں پر بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے UPI اور Rupay Card کو یاد کیا جنہوں نے تعلقات کو جدید ڈیجیٹل اتصالیت فراہم کی ہے۔

وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ ترقیاتی شراکت داری دونوں ممالک کے درمیان سیاسی شراکت داری کے بنیادی ستون ہیں اور یہ کہ ہندوستان کی طرف سے ترقیاتی شراکتیں ماریشش کی ترجیحات پر مبنی ہیں، خواہ وہ EEZ کی حفاظت ہو یا صحت کی سلامتی۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ، "ہندوستان نے ہمیشہ ماریشش کی ضروریات کا احترام کیا ہے اور پہلے جواب دہندہ کے طور پر کام کیا ہے۔"جزیرے والی اقوام کے لیے ہندوستان کی دیرینہ حمایت کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کووڈ وبائی بیماری ہو یا تیل کے رساؤ کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا بنیادی مقصد ماریشش کے لوگوں کے لئے ایک مثبت تبدیلی ہے۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ گزشتہ 10 سالوں میں ہندوستان نے ماریشش کے لوگوں کو 400 ملین امریکی ڈالر کی امداد کے ساتھ 1,000 ملین امریکی ڈالر کی کریڈٹ لائن کو بڑھایا ہے۔ انہوں نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ ماریشش میں میٹرو ریل لائنوں، کمیونٹی ڈولپمنٹ پروجیکٹس، سماجی رہائش، ای این ٹی ہسپتال، سول سروس کالج اور اسپورٹس کامپلیکس کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں تعاون کرنے کے لئے ہندوستان خوش قسمت رہا ہے۔

وزیراعظم نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ وہ اگلیگا کے عوام سے اپنا وہ وعدہ پورا کر سکے جو انہوں نے 2015 میں کیا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ، "ان دنوں اسے ہندوستان میں مودی کی گارنٹی کہا جا رہا ہے۔ یہ سہولیات جن کا آج مشترکہ طور پر افتتاح کیا گیا ہے، زندگی کی آسانی میں اضافہ کرے گا"۔ یہ ماریشش کے شمالی اور جنوبی حصوں کے درمیان رابطے کو بہتر بنائے گا اور سرزمین کے ساتھ انتظامی تعلق کو بہتر بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کے بچوں کے طبی انخلاء اور نقل و حمل میں بہتری آئے گی۔ بحر ہند کے خطے میں روایتی اور غیر روایتی چیلنجز جو دونوں معیشتوں کو متاثر کرتے ہیں کا ذکر کرتے ہوئے پی ایم مودی نے کہا کہ ہندوستان اور ماریشش ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے بحری سلامتی میں فطری شراکت دار ہیں۔ ہندوستانی وزیر اعظم نے مزید کہا کہ، "ہم بحر ہند کے علاقے میں سلامتی، خوشحالی اور استحکام کو یقینی بنانے کے لیے فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔ ہم تمام شعبوں جیسے خصوصی اقتصادی زون کی نگرانی، مشترکہ گشت، ہائیڈروگرافی، اور انسانی امداد اور قدرتی آفات سے راحت رسانی کے امور میں تعاون کر رہے ہیں" انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اگلیگا میں فضائی پٹی اور جیٹی کا افتتاح دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دے گا ساتھ ہی یہ ماریشش کی نیلی معیشت کو بھی مضبوط کرے گا۔

ماریشش میں جن آیوشدھی کیندر قائم کرنے کے وزیر اعظم جگناتھ کے فیصلے کی ستائش کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ اس قدم کے ساتھ ہی ماریشش ہندوستان کی جن اوشدھی پہل میں شامل ہونے والا پہلا ملک بن گیا ہے جس سے ماریشش کے لوگوں کو بہتر معیار کی میڈ ان انڈیا جنرک ادویات فراہم ہوں گی۔

خطاب کے اختتام پر، وزیر اعظم نے اپنے ماریشین ہم منصب کو ان کی دور اندیشی اور متحرک قیادت کے لیے مبارکباد دی۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ہندوستان اور ماریشش کے تعلقات آنے والے وقت میں نئی بلندیاں حاصل کریں گے۔

**نئی دہلی**

**29 فروری 2024**